1. علاج بالغذا
2. علم الادویہ
3. امراض وعلامات

# غذا

ایسی شے ہے۔ جو کھانے کے بعد جسم کو تو متاثر نہ کرے بلکہ خود جسم سے متاثر ہو کر جزوِ بدن بن جائے غذائے خالص کہلاتی ہے

# زہر

ایسی شے ہے۔ جو اگر کھائی جائے تو وہ جسم کو اس قدر متاثر کرے کہ جسم کو فنا کر دے سم قاتل کہلاتی ہے۔

# دواء

ایسی شے ہے۔ جو کھانے کے بعد خود تو جسم سے متاثر نہ ہو بلکہ جسم کو اپنی عنصری کیفیات سے متاثر کر کے جذو بدن ہوئے بغیر خارج ہو جائے دوائے خالص کہلاتی ہے۔

# اعصابی عضلاتی غذائیں (تر سرد)

اعصابی عضلاتی تمام اغذیہ فعلی طور پر دماغ اعصاب میں مشینی تحریک پیدا کر کے جگر و غدود میں تحلیل قلب و عضلات میں تقویت پیدا کرتی ہیں کیفیات کے لحاظ سے تر سرد ہیں۔ خلط بلغم پیدا کر کے خارج کرتی ہیں ذائقہ پھیکا یا کسیلا۔

**پھل** کھیرا، تربوز، الائچی کلاں، مٹھا، فالودہ، قلفا، ککڑی **دودھ** دودھ اور دودھ کی مصنوعات، دودھ بھیڑ، گدھی کا دودھ، کھیر، سویاں

**سبزیاں** ککڑی، سبز دھنیا، چکوترا، چکوترے، چقندر، بکرے یا بھیڑ کا مغز، سری کا گوشت، جو کا دلیا

**سلاد** کھیرے کا سلاد، تر کا سلاد، سبز دھنیا **اجناس** چاول، ساگودانہ **دالیں** جوار **چکنائیاں** مکھن، کھویا، گلاب جامن

**بدرقعہ** الائچی، زیرہ سفید، عرق گلاب، عرق سونف، عرق نیلوفر، گل سرخ کی چائے

**حلوے** حلوہ کدو، تربوز کے بیج کا حلوہ، کسٹرڈ کی کھیر، چھلکا اسبغول کی کھیر، ساگودنہ، چاولوں کی کھیر

**متفرقات** گنے کا جوس۔ کسٹرڈ، خشک دھنیا **مشروبات** شربت صندل، شربت نیلوفر، کچی لسی، دودھ بھینس، آئس کریم، کسٹرڈ، قلفی، شربت بزوری

اعصابی اغذیہ ٹشوز پیدا کرتی ہیں۔ اعصاب کی غذا ہونے کی وجہ سے نشونما پا کر نروز ٹشوز میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔

# عضلاتی اعصابی غذائیں (خشک سرد)

عضلاتی اعصابی تمام اغذیہ فعلی طور پر قلب وعضلات میں کیمیائی تحریک پیدا کر کے جگر وغدد میں تسکین اور دماغ واعصاب میں تحلیل پیدا کرتی ہیں۔ کیفیات کے لحاظ سے سرد خشک ہیں۔ خلط سودا پیدا کر کے جسم میں جمع کرتی ہیں۔ ذائقہ میں ترش ہوتی ہیں۔

**پھل** سیب' انگور سیاہ' انگور سبز' جامن' سنگترہ' مالٹا' مسمی' کنوں' لوکاٹ' لیموں' فالسہ' آلو بخارا' انار' کھجور' تازہ ناریل' آب ناریل' سنگھاڑا

**سبزیاں** بینگن' پھول گوبھی' بند گوبھی' مٹر' چقندر' آلو' شکر قندی' کچالو' گوارا کی پھلی' شریفہ' جھینگا مچھلی

**خشک میوے** مونگ پھلی' گری' تل سفید' تل سیاہ' السی' املی **دالیں** باجرہ موٹھ **دودھ** بوہڑ کا دودھ' دہی' لسی' پنیر

**متفرقات** پان کا پتہ' ڈبل روٹی' پھل مکھانہ' کڑھی' ناریل کا پانی' دہی بھلے' فروٹ چاٹ' آلو چھولے

**مشروبات** شربت فولاد' فانٹا' کوکا کولا' سپرائیٹ' آر سی کولا

# عضلاتی غدی غذائیں ( خشک گرم )

عضلاتی غدی تمام اغذیہ فعلی طور پر قلب وعضلات میں مشینی تحریک پیدا کرتی ہیں۔ جگر غدد میں حرارت عزیزی بھیج کر تقویت دیتی ہیں اور دماغ واعصاب میں تحلیل کر کے ان کی سوزش کر رفع کرتی ہیں۔ کیفیات کے لحاظ سے خشک گرم ہیں مادی طور پر خلط سودا پیدا کر کے خارج بھی کرتی ہیں۔ ذائقہ میں کڑوی ہوتی ہیں۔

**پھل** جاپانی پھل، بیر گول، کھجور خشک، چھوہارے، منقیٰ، آڑو، انجیر، انگور، کشمش **مشروبات** شربت انار، شربت لیموں، لیموں کی سکنجبین، شربت عناب

**سبزیاں** کریلا، مرچ سرخ، شملہ مرچ، پیاز، پیاز کی بھونکیں، ٹماٹر سبز، آم، پالک، چھولئے کا ساگ، میتھی کا ساگ **بدرقعہ** لونگ، دار چینی

**گوشت** گوشت چڑا، گوشت مرغ، بٹیر دل، مرغی کا انڈہ، کباب، کبوتر، حلیم، یخنی، کچھوے کا انڈہ، انڈہ فرائی، رہو مچھلی، بڑا گوشت، اوجھری، پھیپھڑے

**سلاد** ٹماٹر کا سلاد **دالیں** مکئی، چنے، چنے کی دال، مسور کی دال **چکنائیاں** لونگ کا تیل، انڈوں کا تیل، مچھلی کا تیل ( کارڈ لیور آئل )

**مصالحہ جات** لونگ میتھے، خشک لیموں، ست لیموں، دار چینی، تیز پتہ، مغز جائفل، جلوتری، جائفل **متفرقات** لڈو، بیسن، پکوڑے

# غدی عضلاتی غذائیں (گرم خشک)

غدی عضلاتی تمام اغذیہ فعلی طور پر جگر و غدد میں کیمیائی تحریک پیدا کر کے قلب و عضلات میں تحلیل اور دماغ میں تسکین پیدا کرتی ہیں۔ کیفیات کے لحاظ سے گرم خشک ہیں خلط صفرا پیدا کر کے جسم میں جمع کرتی ہیں۔ ذائقہ میں چرپری ہوتی ہیں۔

**پھل** آم، خوبانی، شہتوت **دالیں** کلتھی، میتھی **سبزیاں** سرسوں کا ساگ، سہانجنا، پودینہ

**گوشت** بطخ کا گوشت، گوشت بٹیر، بچھو، گوشت ٹڈی، گوشت تیتر، گوشت چڑیا، بطخ کا انڈہ، شارک مچھلی، چیونٹا، سنگ دانہ مرغ۔

**بدرقہ** اجوائن، پودینہ کی چائے **خشک میوے** چلغوزے، اخروٹ، مصالحہ جات، اجوائن دیسی

**چکنائیاں** سرسوں کا تیل، سانڈے کا تیل، تارامیرا، روغن تارپین **متفرقات** جڑپان

**مشروبات** اجوائن پودینہ کا خیساندہ (رات کو بھگو دیں صبح ٹھنڈا ہی پیئیں)۔

# غدی اعصابی غذائیں (گرم تر)

غدی اعصابی اغذیہ فعلی طور پر جگر و غدد میں مشینی تحریک پیدا کرتی ہیں۔ قلب و عضلات میں تحلیل کر کے ان کی سوزش کو رفع کرتی ہیں۔ کیفیات کے لحاظ سے گرم تر ہیں۔ مادی طور پر خلط صفرا پیدا کر کے خارج بھی کرتی ہیں۔ ذائقہ میں نمکین ہوتی ہیں۔

**پھل** پختہ آم میٹھا، پپیتہ، خوبانی خشک، گنا، گنڈیری، خربوزہ، ناشپاتی، انناس، گرما، بگوگوشہ، امرود شیریں۔

**سبزیاں** شلجم، ٹینڈے، مولی، آب مولی، برگ مولی، لہسن، ادرک، چٹنی ادرک، مولی کا نمک، تخم مولی، بھوا، بھوا کا ساگ، چولائی کا ساگ، سرسوں کا ساگ، پالک

**خشک میوے** سورج مکھی، خربوزے کے بیج

**دالیں** جو کی دال، مونگ کی دال، سویابین، دال کلتھی

**اجناس** دلیہ گندم، آٹا گندم، میدہ، سوجی، روٹی گندم، ہلدی

**گوشت** بکری کا گوشت، شتر مرغ کا گوشت

**مصالحہ جات** کالی مرچ، زیرہ، ہلدی، سنڈھ، ادرک، سونف، الائچی

**بدرقعہ** سونف، سوئے، خیاندہ اسطخودوس، عرق مکو

**دودھ** بکری کا دودھ، گائے کا دودھ، اونٹنی کا دودھ

**حلوے** حلوہ بیضہ مرغ، حلوہ ادرک (ادرک ۱ پاؤ، دودھ ۳ کلو، گھی ۱ پاؤ، چینی حسب ضرورت)

**چکنائیاں** روغن زیتون، روغن ارنڈ، روغن اخروٹ، جلیبیاں

**متفرقات** نمکین بسکٹ، گلقند، پودینہ کی چٹنی، مربی ادرک، لبوب

**مشروبات** شیزان، شہد کا شربت، شربت آم، سیون اپ، شربت بزوری، شربت زنجبیل، شربت دینار، شربت بادام

# اعصابی غدی غذائیں (تر گرم)

اعصابی غدی تمام اغذیہ فعلی طور پر دماغ و اعصاب میں کیمیاوی تحریک پیدا کر کے جگر و غدد میں تحلیل اور قلب و عضلات میں تسکین پیدا کرتی ہیں کیفیات کے لحاظ سے تر گرم ہیں۔ خلط بلغم پیدا کر کے جسم میں جمع کرتی ہیں ذائقہ میں میٹھی ہوتی ہیں۔

**پھل** کیلا، کچا کیلا، امرود، خوبانی تازہ، سردا، آڑو، شہتوت، بیر پیوندی شیریں، رس بھری، الائچی خورد۔

**سبزیاں** بھنڈی توری، گھیا توری، گھیا کدو، پیٹھا، گاجر، اروی، گاجر کا ساگ، لسوڑہ، دیسی توری

**سلاد** گاجر کا سلاد **دالیں** ماش کی دال، جوی، مونگ ثابت، مونگ کی دال، لوبیا

**بدرقعہ** سونف، ملٹھی گاؤزبان، عرق سونف **دودھ** دودھ بھینس، دودھ عورت، دودھ مدار

**حلوے** گجریلا، سویاں، حلوہ بادام دودھ والا، مربہ گاجر، حلوہ گندم، حلوہ پیٹھا، بسکٹ، ڈبل روٹی، پیٹھے کی مٹھائی، مربہ پیٹھا گاجر کا حلوہ

**چکنائیاں** چربی، بادام روغن، روغن بیروزہ **مشروبات** میٹھے بسکٹ، مغزیات کا حریرہ

**متفرقات** شربت چونا، گرائپ واٹر، ستو، آب جو

# اعصابی عضلاتی (تر سرد) ادویات

اعصابی عضلاتی تمام ادویات فعلی طور پر دماغ و اعصاب میں مشینی تحریک پیدا کر کے جگر و غدود میں تحلیل قلب و عضلات میں تسکین پیدا کرتی ہیں، کیفیات کے لحاظ سے تر سرد ہیں۔ خلط بلغم پیدا کر کے خارج کرتی ہیں، ذائقہ پھیکا یا کسیلا۔

**اعصابی عضلاتی محرکات** اجوائن خراسانی، اروی، الائچی کلاں، انار میٹھا، بیش، آش جو، بالنگو، گوند کیکر، پیٹھا، تالمکھانہ، تخم خربوزہ، تخم خیارین، تخم خرفہ، تخم خبازی، تخم کاسنی، تخم کدو، شہتوت سیاہ، تودری سفید، جو، جوکھار، چاول، چقندر، کچی لسی، روغن گل، ساگودانہ، بجی، سداسہاگن، سنکھاہولی، مہدی پوی، شورہ قلمی، صندل سفید، کافور، کاہو، کدو، کھیرا، گوندنی، فرنجمشک، موصلی سفید و سیاہ، نقرہ، چینی، بہمن سرخ وسفید، چکوترہ، گل گڑھل، گنا، چاول، گوشت بھیڑ، گوشت خرگوش، گوشت ہرن، لسوڑیاں، مصری، مونگی، ماش، نیلوفر **ملنیات** گاؤزبان، گنا، دودھ، کتیرا، گل سرخ، مکھن، بہیدانہ **مسہلات** کالا دانہ، روغن صندل

**غذائیں** انڈے کی سفیدی، ساگودانہ، چاول، دودھ، دلیا، مغزیات، کاشیرہ، کھیرا، ککڑی، شلغم، چقندر، اروی، بھنڈی، توری، سری گوشت۔

# عضلاتی اعصابی (خشک سرد) ادویات

عضلاتی اعصابی تمام ادویات فعلی طور پر قلب وعضلات میں کیمیائی تحریک پیدا کر کے جگر و غدد میں تسکین اور دماغ و اعصاب میں تحلیل پیدا کرتی ہیں۔ کیفیات کے لحاظ سے خشک سرد ہیں۔ خلط سودا پیدا کر کے جسم میں جمع کرتی ہیں۔ ذائقہ میں ترش ہوتی ہیں۔

**عضلاتی اعصابی محرکات** ابرک سیاہ وسفید، آتیس، اذخر، ارہر، آڑو، اسپند (حرمل) افیون، اقاقیا، انار ترش، انجبار، باجرہ، بانس، برف، برہم ڈنڈی، بسد، بھنگ، تربد وتل اور اس کا تیل، زہر مہرہ، ستاور، سن بھری، سرمہ سیاہ، کدو تلخ، پھل مکھانہ، نارجیل، دریائی، بہمن، چھاچھ، سمندر سوکھ، فالسہ، کشتہ قلعی، کف دریا، آلو، آلوچہ، آم خام، لوہا، الاس، باقلہ، ببول کا درخت، برگد، بلوط، بنفشہ، بوپھلی، بیر، بیل گری، پوست خشخاش، پیپل، پھٹکڑی، تج، تخم مویز، ترنج، تمباکو، توتیا، جامن، جت، چائے، چونا، چنا، چوباکسنی، چھڑیلہ، خبث الحدید، خس، دم الاخوائین، دھتورہ، رتن جوت، سفیدہ کاشغری، زرشک، زفت، سپاری، سرو، سرو والی سلاجیت، سم الفار، سماق، سنگترہ، کونچ، کچور، سنگجراحت، سنگھاڑا، سیب، شکر قندی، طباشیر، عناب، کوڑی، کاکڑا سنگی، کاکج، کاغذ، کاپھل، کتھہ سفید وگلابی، کٹرا چھال، کچنال، کرنجوہ، کگروندا، گوگل، کلونجی، کمیلہ، کنول گٹہ، گل ارمنی، گل مختوم، گل ملتانی، گل انار، گوبھی، گوارہ، گیرو، لوبیا، گڑمار، فرفیون، لودھ پٹھانی، لوہا، لیموں، لوکاٹ، مونگ پھلی، مازو، مائیں، مچھلی، مکئی، مہندی، موٹھ، نیلم، موچرس، مولسری، تارنج، ہرن کھری، ہیرا کیس یاقوت، صدف، لاکھ ہڑتال گھونتی، گوشت بطخ، مٹر، ملتانی مٹی، وسمہ، بہیڑا۔

**ملینات** لسی، املی، آلو بخارہ، آملہ، ہلیلہ۔ **مسہلات** ہرڑ جلابہ **غذائیں** مربہ آملہ، ہرڑ، مونگ پھلی، ناریل، دہی، دہی کی لسی، میوہ، آلو، گوبھی، مٹر، بینگن، تازہ چنے، مچھلی، بڑا گوشت، مکئی، باجرہ۔ **پھل** کشمش، اچار، جامن، فالسہ، سیب، مالٹا، آڑو، ترش بیہ، انار، املی، آلو بخارہ۔

# عضلاتی غدی (خشک گرم) ادویات

عضلاتی غدی تمام ادویات فعلی طور پر قلب و عضلات میں مشینی تحریک پیدا کرتی ہیں، جگر و غدد میں حرارت عزیزی بھیج کر تقویت دیتی ہیں اور دماغ و اعصاب میں تحلیل کر کے ان کی سوزش کو رفع کرتی ہیں، کیفیات کے لحاظ سے خشک گرم ہیں، مادی طور پر خلط سودا پیدا کر کے خارج بھی کرتی ہیں، ذائقہ میں کڑوی ہوتی ہیں

**عضلاتی غدی محرکات** ایبل، اسطخدوس، افسنتین، مرغی کا انڈا، انت خول، بلیچی، کڑوا بادام، بارہ سنگا، بال چھڑ، عشبہ، عود صلیب، کشمیری پٹھا، شاہترہ، گلو، تانبہ، مشک، بینگن، چاکسو، خراطین، سندھور، مرداسنگ، اذراقی، اگر، بیر بہوٹی، پرسیاد، پیاز، جالوتری، جائفل، جدوار خطائی، دارچینی، زراوند طویل، زوفا، سریش، سمندر پھل، گوشت کبوتر، سنگدانہ مرغ، کبوتر کرملہ، مالکنگنی، مروارید، مین پھل، نک چھکنی، نیم، مرواسنگ، جند بدستر، ہینگ، رسوات، زنگار تانبہ، شنگرف، مرچ سرخ، گھونگھی، مرکی، بکائن، سرنجان تلخ، لہسن **ملنیات** انجدان، انجیر، ایرسا، بسفائج، گھیکوار، کشمش **مسہلات** اندرائن، ایلوا **غذائیں** مسور چنے کی دال، روٹی، انڈے، پالک، کریلے، ٹماٹر، کچنار، سرسوں کا ساگ، پیاز، لہسن، ہرن کا گوشت، کبوتر، چھوٹے پرندوں کا گوشت، پکوڑے، آم کا اچار۔

**پھل** اخروٹ، پستہ، انگور، انجیر،

# غدی عضلاتی (گرم خشک) ادویات

غدی عضلاتی تمام ادویات فعلی طور پر جگر و غدد میں کیمیائی تحریک پیدا کر کے قلب و عضلات میں تحلیل اور دماغ و اعصاب میں تسکین پیدا کرتی ہیں۔ کیفیات کے لحاظ سے گرم خشک ہیں، خلط صفرا پیدا کر کے جسم میں جمع کرتی ہیں۔ ذائقہ میں چرپری ہوتی ہیں۔

**غدی عضلاتی محرکات** اجوائن دیسی، اخروٹ، اگر، بابونہ، بٹیر، بچھو، بدھارا، برنجاسف، سونا مکھی، سنبھل، چوب چینی، حسن یوسف، خولنجاں، زعفران، سونا، اسارون، پلاس پاپڑہ، چڑیا، خوبانی، دار ہلد، وراونج عقربی، رائی، زرنباد، عود بلسان، صنوبر، عقرقرحا، سانپ اور اس کا زہر، سارس، سوسوں، سرخ مرچ کے بیج، کرفس، قسط، کوڑ، کالی زیزی، کباب چینی، کٹائی خورد، انیسوں، روغن تارپین، گوشت بگلہ، گوشت ٹڈی، گوشت تیتر، گوشت چڑیا، گوشت مور، گوشت بٹیرہ، مصطگی رومی، میتھی، مینڈک، نرگس۔ **ملنیات** گندھک **مسہلات** اخروٹ، جمال گوٹہ، روغن جمال گوٹہ۔ **غذائیں** انڈے، کھجوریں، چلغوزے، چائے، میتھی کا ساگ، ادرک، سبز مرچ، بکری کا گوشت، مرغ بطخ اور تیتر کا گوشت **پھل** آم، خوبانی، شہتوت۔

# غدی اعصابی (گرم تر) ادویات

غدی اعصابی تمام ادویات فعلی طور پر جگر و غدد میں مشینی تحریک پیدا کرتی ہیں، قلب وعضلات میں تحلیل پیدا کر کے ان کی سوزش کو رفع کرتی ہیں، کیفیات کے لحاظ سے گرم تر ہیں، مادی طور پر خلط صفرا پیدا کر کے خارج بھی کرتی ہیں، ذائقہ میں نمکین ہوتی ہیں۔

**غدی اعصابی محرکات** ادرک، ارنڈ، اڑوسہ، اسگندھ، اکاس بیل، اندرجو، انیسوں، اونٹ کٹارہ، بادیان خطائی، بداری قند، بسکھیرا، سرنجاں شیریں، مروڑ پھلی، شلغم، رسکپور، رودنتی، زرنیخ، انبہ ہلدی، اشنان، افتیمون، اکلیل الملک (ناخونہ) انگور شیریں، بادیاں اوراس کی جڑ، بانسہ، باؤبڑنگ، بندق (ریٹھ) بہرہ وزہ، بیدانجیر، پان، پتھر پھوڑی، پستہ، مغز ہندوانہ، پودینہ، فلفل دراز، بیخ فلفل دراز، تلسی، پٹھکنڈا، چرونجی، چلغوزہ، شیطرج ہندی، حاشہ، کھجور، گوکھرو، کلتھی، روغن زیتون، زیرہ سیاہ، سداب، سنا مکی، شکر تیغال، سبھالو، سونٹھ، سویا، فندق، تخم کثوث، لکرونده، گل عباسی، گندنا (پیازی) گھی، لفاح (بیلاڈونا) مرچ سیاہ، نوشادر، گندم، ممیرا، نمک، ہلدی۔ **ملینات** امرود، آم میٹھا، انگور، انناس، بادام میٹھا، باتھو، ریوند چینی۔ **مسہلات** ریوند عصارہ، روغن بیدانجیر۔

**غذائیں** بادام کا حلوہ، تازہ انگور شیریں، خربوزہ، بکری کا دودھ، اونٹنی کا دودھ، ٹینڈے، حلوہ کدو، مرغابی کا گوشت، مونگ کی دال، شہد۔

# اعصابی غدی (ترگرم) ادویات

اعصابی غدی تمام ادویات فعلی طور پر دماغ واعصاب میں کیمیائی تحریک پیدا کر کے جگر وغدد میں تحلیل اور قلب وعضلات میں تسکین پیدا کرتی ہیں۔ کیفیات کے لحاظ سے ترگرم ہیں، خلط بلغم پیدا کر کے جسم میں جمع کرتی ہیں، ذائقہ میں میٹھی ہوتی ہیں۔

**اعصابی غدی محرکات** اٹنگن، اراروٹ، ارنی اسپنج، الائچی خورد، باتنگ، آک، ابریشم، اسگند، اشک، بھنڈی، تخم خربوزہ، توت، توری سرخ، تھوپر، ثعلب مصری، جاؤشیر، چربی، چنبیلی، چولائی، خطمی، دھنیا، رب السوس، ریٹھا، ریوند چینی، ریوند خطائی، زمرد، زیرہ سفید، شریفہ، شکامی، لشکر، شیشم، صعتر، عنب الثعلب، فرفیون، فرنجمشک، کینر، کدو، کنگھی، کنوچہ، کہربا، کھرنی، گوندنی، گوشت دبنہ، کیلا، پھل کیسو، گل چاندنی، گل سیلونی، گل سندی، لوبان، ملٹھی، مولی، موم، دال مونگ، ناگ کیسر، گاجر، حجر الیہود، سرطان نہری، ملائی، موصلی سفید، ناشپاتی، ناگرموتھا، ہاتھی سونڈی۔ **ملنیات** اسبغول، انلتاس، باورنجبویہ، برہمی، سپستان، امرود، ترنجبین، شہد۔ **مسہلات** سقمونیا، شیرخشت **غذائیں** دودھ، مربہ سیب، گاجر، ادرک، نشاستہ گندم، گھی میں تربتر حلوہ، مغزیات، دلیا، مولی، گاجر، کدو، توری، ٹینڈے، ماش کی دال، مونگرے **پھل** کیلا، امرود، ناشپاتی، خربوزہ، گرما۔

# اعصابی عضلاتی تحریک کی علامات

**مشینی تحریک** — **تر سردی**

**سر کی علامات** صداع بلغمی، صداع بارد، درد ال اعصاب، سرسام بلغمی، سر درد بارد، چکر آنا سبات، غفلت کی نیند، جمود، نسیان۔

**آنکھوں کی علامات** آشوب چشم، سفید موتیا، پانی آنا، پھولا، ضعف بصر۔

**کان کی علامات** وجع الاذن، دیدان الاذن، سیلان الاذن۔

**ہونٹوں کی علامات** ہونٹوں کا بڑا ہونا۔

**ناک کی علامات** ناک سے پانی آنا، زکام بلغمی، چھینکیں آنا۔

**منہ اور گلے کی علامات** قلاع الفم (منہ پکنا) منہ سے پانی آنا۔

**زبان کی علامات** زبان پر چھالے، لکنت، عظم اللسان، بطلان ذوق۔

**دانت کی علامات** دانتوں کا ہلنا، دانتوں کا گرنا۔

**حلق، مری و نرخرہ کی علامات** استرخا الہات (کوا گرنا) استرخا مری۔

**پھیپھڑوں کی علامات** ضیق النفس بلغمی، کھانسی، پھیپھڑوں کا استرخا۔

**دل کی علامات** عظم القلب، دل کا ڈوبنا، تسکین قلب، قلب کا حرکت کم کرنا، قلب کی حرکت کا بند ہونا۔

**پستان کی علامات** کثرت اللبن، پستانوں کا بڑا ہونا، پستانوں کا لٹکنا۔

**نبض** گہرائی میں زیادہ، حجم میں موٹی، حرکات میں ست۔

**معدہ اور آنتوں کی علامات** قراقر امعاء معدہ میں گڑبڑ ہونا، معدہ کا ٹھنڈا ہو جانا سقوط اشتہا، قے، ہیضہ، دست۔

**جگر و طحال کی علامات** عظم جگر، عظم طحال، ضعف جگر، خون کی کمی۔

**مقعد کی علامات** استرخا المقعد۔

**گردہ و مثانہ کی علامات** ضعف گردہ و کلیہ، بول فی الفراش، سلسل البول، ذیابیطس۔

**خصیہ کی علامات** ضعف خصیہ، مادہ منویہ کا رقیق بنانا، خصیوں کا ٹپکنا،

**عضو کی تناسل کی علامات** عضو تناسل کا بہت لمبا اور موٹا ہونا، آتشک کا ہونا، انتشار کا کم ہونا، جریان منی، نامردی۔

**رحم کی علامات** بندش حیض، استرخا الرحم۔

**فالج** بائیں طرف کا فالج۔

**جوڑوں کی علامات** وجع المفاصل، بائیں طرف کا عرق النساء۔

**جلد کی علامات** چیچک، خسرہ، خنازیر، سفید پھنسیاں، احساسات کی شدت۔

**بخار** تمام بخار جن میں سفید پیشاب آئے، چیچک، خسرہ، محرقہ دماغی۔

**پیشاب** پیشاب کا بالکل سفید پانی کی طرح آنا۔

**تشخیص علامات** رطوبات کا کثرت سے اخراج، پیشاب کی زیادتی اور سفید ہونا، دل کا ڈوبنا، نیند کی کثرت، ناخن کا سفید ہونا، بلغم و ریشہ، جسم کا پھولنا، حرکات کا ست ہونا، منہ کا ذائقہ پھیکا ہونا۔

**علاج** اعصابی عضلاتی تحریک کا علاج عضلاتی اعصابی تحریک پیدا کرنا ہے۔ ضرورت کے مطابق محرک، شدید ملین، مسہل، اکسیر و تریاق دے سکتے ہیں۔ شدید تکلیف میں عضلاتی غدی استعمال کر سکتے ہیں۔

# عضلاتی اعصابی تحریک کی علامات

**کیمیائی تحریک** — **خشکی سردی**

**سر کی علامات** صداع سوداوی، صداع ریحی ضعف دماغی، صداع ذہنی، سرسام سوداوی، بے خوابی۔

**آنکھوں کی علامات** سلاق، یاہمنی، گوہانجنی، خارش۔

**پلکوں کی علامات** سلاق، باہمنی، گوہانجنی، خارش۔

**کان کی علامات** کان کا درد، کان کا بجنا، کان کی خشکی۔

**ناک کی علامات** بند نزلہ، بواسیر الانف، ناک کی خشکی۔

**ہونٹوں کی علامات** ہونٹوں کا پھٹنا، بواسیر لب، ہونٹوں کا ورم۔

**منہ اور زبان کی علامات** قلاع سوداوی، ورم اللسان، زبان کی جلن خشونت اللسان، حرقۃ اللسان، زبان کا پھٹنا۔

**دانت کی علامات** درد دانت، دانتوں کا گندہ ہو جانا، دانتوں کا کھٹا ہونا، دانت پیسنا، دانتوں کا ریزہ ریزہ ہونا۔

**حلق و مری کی علامات** کوے کی سوجن یعنی خناق، مشکل سے نگلنا، ورم مری۔

**پھیپھڑوں کی علامات** ضیق النفس یابس، سعال یابس، ذات الریہ، نمونیا، پھیپھڑوں کا ورم، ورم حاجز، جمود صدر یعنی سینہ کی جکڑن۔

**دل کی علامات** دل سے دھواں اٹھنا، خفقان یابس، سرطان قلب۔

**نبض** مقامی طور پر نبض اوپر، قدرے تیز، جسمی طور پر موٹی اور ریاح سے پر۔

**پستان کی علامات** سرطان سدی، قلت اللبن، خارش پستان کا سکڑنا۔

**معدہ کی علامات** وجع المعدہ، ریاح معدہ، جوع الکلب، ہچکی، جلن معدہ، تبخیر معدہ، استسقاء طبلی۔

**جگر و طحال کی علامات** عظم جگر و طحال، یرقان سوداوی۔

**آنتوں کی علامات** شدید قبض، قولنج، کیچوے،

**گردہ و مثانہ کی علامات** درد گردہ ریحی، پتھری گردہ، پیشاب کا بند ہونا،

**مقعد کی علامات** بواسیر بادی۔

**خصیوں کی علامات** خصیہ کی خارش، خصیوں کا سکڑنا۔

**عضو تناسل کی علامات** احتلام، عضو کا چھوٹا ہونا، کجی۔

**رحم کی علامات** وجع الرحم یابس، رحم و شرم گاہ کی خارش، رحم کا سکڑنا۔

**جوڑوں کی علامات** تحجر المفاصل، نقرس، وجع الورک، عرق النسا دائیں طرف۔

**بالوں کی علامات** داء الثعلب، بالچھڑ، بالوں کا پھٹنا، بفا، بھوسی۔

**ناخن کی علامات** ناخن کا پھٹنا، ناخن کا پتلا ہونا، ناخن کا بیٹھ جانا۔

**جلد کی علامات** خارش، چنبل، جلد کا پھٹنا، جلد سے چھلکے اترنا، جلد کی خشکی، گر، سرطان۔

**قارورہ** سرخ سفید مائل۔

**تشخیص علامات** حرکات قلب تیز ہوتی ہیں۔ کاربن کی زیادتی، ترش ڈکار، جسم میں ریاح اور خشکی، حرارت کی کمی، دبلا پن، چہرہ سیاہی مائل، دھبے، قبض کی زیادتی، چہرہ پچکا ہوا۔

**علاج** عضلاتی اعصابی تحریک چونکہ قلب کی کیمیائی تحریک ہے۔ اس لیے اس کو مکمل کرنے کے لیے قلب کی مشینی تحریک عضلاتی غدی پیدا کریں۔ ضرورت کے وقت شدید سے لے کر ملین، مسہل، اکسیر و تریاق استعمال کر سکتے ہیں۔

# عضلاتی غدی تحریک کی علامات

مشینی تحریک

خشکی گرمی

**سر کی علامات** صداع معدی شرکی، صداع دموی، یادرکھیں کہ دردسر دموی نہیں ہوتا البتہ اطباء جس دردکو دموی کہتے ہیں وہ عضلاتی غدی ہے۔ اس میں خون کا دباؤ بہت تیز ہوتا ہے۔ مالیخولیا مراقی، تشنج، فالج اسفل، بے خوابی شدید۔

**آنکھوں کی علامات** آنکھ کا خونی حلقہ، آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے، آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔

**پلکوں کی علامات** پلکوں کے بالوں کا اڑ جانا، پلکوں کی خارش، چم جوئیں پڑنا۔

**کان کی علامات** کان کا درد، کن پیڑے، کان سے خون بہنا، کان میں شائیں شائیں ہونا، کان کی خشکی۔

**ناک کی علامات** نکسیر آنا، بندنزلہ، بواسیر الانف۔

**ہونٹوں کی علامات** ہونٹوں کا ورم، بواسیر لب، لبوں کی خشکی، لبوں کا پھٹنا۔

**منہ کی علامات** زبان کا سکڑنا، زبان کی خشکی، زبان کا پھٹنا، زبان کا سرطان۔

**دانت کی علامات** درد دانت، مسوڑوں کا ورم، ماخورہ، دانت پیسنا۔

**حلق ومری کی علامات** آواز کا بیٹھ جانا، خناق ہمیشہ عضلاتی اعصابی یا عضلاتی غدی ہوتی ہے۔ اعصابی یا غدی تحریک میں نہیں ہوتا۔ گلے کی خشکی۔

**پھیپھڑوں کی علامات** سینہ کی خشکی، خشک کھانسی ودمہ، پھیپھڑوں سے خون آنا۔

**دل کی علامات** اختلاج قلب، ورم اذن القلب، دل کا سکڑنا۔

**پستان کی علامات** پستان کا سکڑنا، قلت البن، دائیں پستان کا ورم، پستان سے خون آنا۔

**معدہ کی علامات** ورم معدہ، وجع المعدہ، ناف کا ٹلنا، معدہ کی جلن۔

**جگر وطحال کی علامات** عظم جگر وعظم طحال، صفرا کی کمی۔

**آنتوں کی علامات** شدید قبض، خونی دست

**مقعد کی علامات** بواسیر خونی، ورم مقعد، ناسور مقعد۔

**گردہ ومثانہ کی علامات** درد گردہ، خونی پیشاب۔

**عضوتناسل کی علامات** ورم تضیب، کجی قضیب۔

**خصیہ کی علامات** ورم خصیہ، خصیہ کا سکڑ جانا، خصیہ میں ریاح بھرنا فتق۔

**رحم کی علامات** کثرت الطمث، زخم رحم، جریان رحم۔

**جوڑوں کی علامات** نقرس، گھٹنے کا درد، عرق النسا دائیں طرف۔

**قارورہ** سرخ زردی مائل یعنی تیل کی مانند، مقدار میں کمی۔

**نبض** مقامی طور پر نبض بالکل اوپر، حرکت میں بے حد تیز اور کسی ہوئی یعنی تنی ہوئی۔ جسمی طور پر پتلی ہوتی ہے۔ لمبائی میں چار انگلی سے بھی کراس کرتی ہے۔

**تشخیص علامات** جسم کے عضلات مع قلب سکڑ جاتے ہیں، خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے، اختلاج قلب، جسم کی رنگت سرخی مائل، جسم دبلا رطوبات کی کمی، خشکی کی زیادتی، نیند کی کمی۔

**علاج** عضلاتی غدی تحریک کا علاج، غدی عضلاتی ہے، شدید صورتوں میں غدی عضلاتی ملین، مسہل، اکسیر وتریاق استعمال کریں۔

# غدی عضلاتی تحریک کی علامات

**کیمیائی تحریک** — **گرمی خشکی**

**سر کی علامات** صداع سفراوی شقیقہ بائیں طرف، سرسام سفراوی، ورم چہرہ، جنون، ورم چہرہ بسبب تحلیل عضلات

**آنکھوں و پلکوں کی علامات** رمد صفراوی، یرقان اصفر، درد آنکھ بسبب سفرا، پپوٹوں کے دانے ناسور چشم

**کان کی علامات** سوزش اذن، قرحہ، ناسور الاذن

**لب کی علامات** لبوں پر صفراوی چھالے

**ناک کی علامات** نزلہ، نکسیر، شبور الانف الصفراوی

**منہ اور گلے کی علامات** شبور الفم، قلاع صفراوی، گلے کی غشاء مخاطی میں ورم

**عضو تناسل کی علامات** سرعت انزال، انتشار کے ساتھ امساک کی کمی۔

**رحم کی علامات** ورم رحم، خروج الرحم، عسر لطمث۔

**جلد کی علامات** خارش صفراوی، جلد کا زور پڑ جانا۔

**پھیپھڑوں کی علامات** ضیق النفس کبدی، صفراوی کھانسی، پھیپھڑوں کا ورم، پھیپھڑوں میں پیپ پڑنا، سل، پھیپھڑوں میں زخم

**دل کی علامات** ضعف قلب، غشی، سوزش غلاف قلب، دل کا پھیل جانا

**معدہ و آنتوں کی علامات** قے صفراوی، جلن معدہ، ضعف معدہ، ذحیر، آنتوں میں مروڑ، پیچش، کانچ نکلنا

**جگر کی علامات** سوزش جگر، سودا جگر، یرقان، استسقاء، کدو دانے

**مقعد کی علامات** قروح المقعد، ناسور المقعد،

**گردہ و مثانے کی علامات** وجع الکلیہ، مثانہ میں جلن، گردہ میں پتھری

**خصیہ کی علامات** خصیہ کا استسقا، پیشاب کا جلن کے ساتھ قطرہ قطرہ آنا۔

**جوڑوں کی علامات** وجع المفاصل، جوڑوں کا آماس۔

**قارورہ** پیشاب کا رنگ زرد و سرخی مائل، جلن کے ساتھ اخراج ہونا۔

**نبض** مقامی طور پر عضلاتی غدی کی نسبت گہری، حرکت میں قدرے تیز جسمی طور پر قدرے موٹی۔

**تشخیص علامات** غدد و غشائے مخاطی مع جگر سکڑنا شروع ہو جاتے ہیں۔ عروق پھیلنا شروع ہو جاتے ہیں۔ تحلیل کی وجہ سے حرکات قلب سست پڑ جاتی ہیں۔ جسم زرد، پلپلاہٹ ڈھیلا، ہاتھ پاؤں چہرہ پر اماس، یرقان اصفر، پیشاب و پاخانہ کی رنگت زرد اور جلن کے ساتھ آنا۔

**علاج** غدی عضلاتی تحریک کا علاج غدی اعصابی ہے۔ چونکہ غدی عضلاتی تحریک میں صفرا کا اخراج بند ہوتا ہے۔ اس لیے غدی اعصابی دوا سے اسے نکال دیا جاتا ہے۔ ضرورت کے وقت شدید، ملین، مسہل، اکسیر اور تریاق استعمال کرا سکتے ہیں۔

گرمی تری

# غدی اعصابی تحریک کی علامات

مشینی تحریک

**سر کی علامات** درد سر، سرسام۔

**آنکھوں کی علامات** نزول الماء، پتلی کا پھیل جانا۔

**ناک کی علامات** نزلہ۔

**منہ اور زبان کی علامات** ثبور الفم، قلاح صفراوی، استرخاء اللسان۔

**دانت کی علامات** درد دانت، مسوڑوں کا ورم۔

**حلق و مری کی علامات** سوزش مری، نگلنے میں دقت۔

**پھیپھڑوں کی علامات** سعال کبدی، سینہ میں کھانسی سے شدید جلن، بلغم کے اخراج میں دقت غدی دمہ، ذات الجنب بائیں طرف۔

**چہرے کی علامات** ماشرہ یعنی ورم چہرہ خونی۔

**دل کی علامات** شدید ضعف قلب، بلڈ پریشر، دل کا پھیل جانا۔

**پستان کی علامات** پستان کی سوزش، پستان کا سکڑ جانا، پستان کا ورم خصوصاً بائیں طرف۔

**جگر کی علامات** جگر کا ورم، جگر کی سوزش، جگر کا درد۔

**گردہ مثانہ کی علامات** حرقت بول، پیشاب کا جلن کے ساتھ آنا، پیشاب میں پتھری کا آنا، بائیں گردے میں درد، مثانہ میں جلن۔

**عضو تناسل کی علامات** سرعت انزال، ضعف باہ کبدی، سوزاک، کجی قضیب بائیں طرف۔

**خصیہ کی علامات** بائیں خصیے میں درد، دائیں خصیے کا سکڑ نا جانا۔

**رحم کی علامات** رحم کی سوزش، خصیۃ الرحم کی سوزش، عسر الطمث، خروج الرحم، رحم کا درد سوزاک، لیکوریا میں جلن۔

**مقعد کی علامات** کانچ کا نکلنا، چنونے۔

**جلد کی علامات** ناسور ہر قسم، چھپا کی صفراوی، زرد رنگ کی پھنسیاں، جلد کی جلن دار پھنسیاں۔

**حمیات** انتڑیوں کی سوزش کا بخار، ورم جگر کا بخار، تپ طاعون۔

**قارورہ** زرد سفیدی مائل، جلن کے ساتھ، مقدار میں کمی۔

**معدہ و انتڑیوں کی علامات** شدید پیچش، مزمن پیچش، ورم امعاآوس کا آنا، صفراوی قے، جوع البقر

**نبض** قرعہ نبض تین انگلی کے نیچے ذرا دبا دینے سے محسوس ہوتی ہے، رفتار میں ست، رطوبت کی وجہ سے قدرے موٹی ہو جاتی ہے۔

**تشخیص علامات** چونکہ یہ جگر کی مشینی تحریک ہے اس لیے انتڑیوں میں مروڑ، پیچس، پیشاب میں جلن، عسر الطمث، نلوں میں درد بلڈ پریشر اور خفقان وغیرہ، تشخیصی علامات ہیں۔

**علاج** غدی اعصابی تحریک کا علاج اعصابی غدی ہے، ضرورت کے مطابق اعصابی غدی شدید ملین، مسہل، اکسیر و تریاق استعمال کر سکتے ہیں۔

ترى گرمی

# اعصابی غدی تحریک کی علامات

کیمیائی تحریک

**سر کی علامات** صداع ساذج، صداع نزلی، نسیان داء القلب (کتے کاٹے کا جنون) مرگی، ام الصبیان۔

**کان کی علامات** اونچا سننا، کانوں میں کسی چیز کا پھنسا ہوا محسوس ہونا، کانوں میں وزن محسوس ہونا۔

**ناک کی علامات** ناک سے گرم رطوبات کا گرنا، سونگھنے کی قوت کا کم ہونا، دیدان الانف۔

**آنکھوں کی علامات** آشوب چشم بلغمی، ہکدر، بلغمی، سرد ہوا سے آنکھوں میں پانی آنا۔

**دانت کی علامات** دانتوں کا بڑھنا۔

**منہ اور زبان کی علامات** منہ سے گندی بدبو آنا، پیاس، زبان کا پھول جانا، ذائقہ کا جاتے رہنا کوا کا پھولنا۔

**پھیپھڑوں کی علامات** پھیپھڑوں کا استرخا، سینہ کی گھٹن۔ جلن دار کھانسی میٹھی بلغم کا آنا۔

**دل کی علامات** ضعف قلب بلغمی، عضلات جسم و قلب کا پھولنا۔

**نبض** انتہائی گہرائی اور دباؤ دینے سے محسوس ہوتی ہے۔ جسمی طور پر موٹی اور ست۔

**تشخیصی علامات** ظاہر جسم پھولا ہوا۔ جسم چربیلا، بار بار پیشاب کی حاجت، پیشاب میں شکر آنا۔

**پستان کی علامات** عظم پستان، دودھ کی کثرت۔

**معدہ اور آنتوں کی علامات** بھوک کا بند ہونا، سنگرہنی، بند ہیضہ، مروڑ کے ساتھ دست۔

**جگر و طحال کی علامات** ضعف جگر، عظم طحال۔

**گردہ و مثانہ کی علامات** ذیابیطس، رات کو بستر پر پیشاب کر دینا، ضعف گردہ۔

**عضو تناسل کی علامات** استرخا قضیب، جریان منی۔

**جوڑوں کی علامات** وجع المفاصل بلغمی، عرق النساء دائیں طرف۔

**رحم کی علامات** سیلان الرحم، اختناق الرحم۔ رحم کا باہر نکل آنا، بندش خون حیض۔

**بخار** خسرہ، تورکی، جدری۔

**قارورہ** پیشاب کا رنگ سفید زردی مائل۔

**علاج** اعصابی غدی تحریک کا علاج اعصابی عضلاتی ہے، حاد صورتوں میں عضلاتی ادویات دی جا سکتی ہیں، ضرورت کے مطابق شدید ملین مسہل، اکسیر و تریاق دے سکتے ہیں۔